طواف کی مکمل دُعائیں

پہلے چکر کی دُعا:

خانہ کعبہ کا پہلا چکر شروع کیجیے اور یہ دُعا پڑھیے۔

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
اللہ تعالیٰ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
اور اللہ سب سے بڑا ہے (اور گناہوں سے بچنے کی) طاقت اور (عبادت کی طرف راغب ہونے کی) قوت اللہ

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى
ہی کی طرف سے ہے جو بزرگی اور عظمت والا ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور سلام (نازل ہو)

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۝ اَللّٰهُمَّ
اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر، اے اللہ

اِيْمَانًا ۢ بِكَ وَتَصْدِيْقًا ۢ بِكِتَابِكَ وَوَفَاءً ۢ
تجھ پر ایمان لاتے ہوئے اور تیرے احکام کو مانتے ہوئے اور تجھ

بِعَهْدِكَ وَاتِّبَاعًا لِّسُنَّةِ نَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ
سے کیے ہوئے عہد کو پورا کرتے ہوئے اور پیروی کرتے ہوئے تیرے نبی اور تیرے حبیب

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنت کی (مَیں طواف شروع کرتا ہوں) اَے اللہ میں تجھ

اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّائِمَةَ

سے سوال کرتا ہُوں (گناہوں سے) مُعافی کا اور (ہر بلا سے) سلامتی کا اور (ہر تکلیف سے)

فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ

دائمی حفاظت کا دین اور دُنیا اور آخرت میں اور جنّت سے متمتع

وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ۝

ہونے اور دوزخ سے نجات پانے کا۔

رکنِ یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کر دیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دُعا پڑھیئے:

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ

اَے ہمارے پروردگار ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ

اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ جنّت

مَعَ الْاَبْرَارِ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ

میں داخل فرما اَے بڑی عزت والے اَے بڑی بخشش والے اَے سب جہانوں

الْعٰلَمِیْنَ ۝

کے پالنے والے۔

یہ دُعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجیے ورنہ دور ہی سے اشارہ کیجیے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں، اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیے اور دوسرا چکر شروع کیجیے۔

دوسرے چکر کی دُعا :

اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا الْبَيْتَ بَيْتُكَ وَالْحَرَمَ

یا اللہ بے شک یہ گھر تیرا گھر ہے اور یہ حرم تیرا

حَرَمُكَ وَالْاَمْنَ اَمْنُكَ وَالْعَبْدَ عَبْدُكَ

حرم ہے اور (یہاں کا) امن و امان تیرا ہی دیا ہوا ہے اور ہر بندہ

وَاَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَهٰذَا مَقَامُ

تیرا ہی بندہ ہے اور میں بھی تیرا ہی بندہ ہوں اور تیرے ہی بندے کا بیٹا

الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ ○ فَحَرِّمْ لُحُوْمَنَا

ہوں اور یہ دوزخ کی آگ سے تیری پناہ پکڑنے والوں کی جگہ ہے سو تو ہمارے گوشت

وَبَشَرَتَنَا عَلَى النَّارِ ○ اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ

اور کھال کو دوزخ پر حرام کر دے اے اللہ ہمارے لیے

اِلَیْنَا الْاِیْمَانَ وَ زَیِّنْهُ فِیْ قُلُوْبِنَا وَکَرِّهْ

ایمان کو محبوب بنا دے اور ہمارے دِلوں میں اُس کو آراستہ کر دے

اِلَیْنَا الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ

اور ناپسندیدہ بنا دے ہمارے لئے کفر اور بدکاری اور نافرمانی کو

وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِیْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ

اور ہمیں ہدایت پانے والوں میں شامل کرلے۔ اے اللہ مجھے

قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ۝

اپنے عذاب سے بچانا جس دِن تو اپنے بندوں کو دوبارہ زندہ کرکے اُٹھائے

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِی الْجَنَّةَ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝

اَے اللہ مجھے عطا فرما جنّت بغیر حساب کے۔

رُکن یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کردیجئے اور آگے بڑھتے ہُوئے یہ دُعا پڑھیئے:

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ

اَے ہمارے پروردگار ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ وَاَدْخِلْنَا

بھی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور ہمیں نیک لوگوں کے

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ

ساتھ جنّت میں داخل فرما۔ اَے بڑی عزت والے اے بڑی بخشش

يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

والے، اَے سب جہانوں کے پالنے والے۔

یہ دُعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجیئے ورنہ دور ہی سے اشارہ کیجئیے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۝

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیے اور تیسرا چکر شروع کیجئیے۔

تیسرے چکر کی دُعاء:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّكِّ وَالشِّرْكِ

اَے اللہ ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں شک سے اور شرک سے اور

وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ

اختلاف سے اور نفاق سے اور بُرے اخلاق سے

وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ وَالْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ

اور بُرے حال سے اور بُرے انجام سے مال میں

وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ

اور اہل و عیال میں ۔ اَے اللہ ! میں تجھ سے تیری

رِضَاكَ وَالْجَنَّةَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ

خوشنودی اور جنّت کا سوال کرتا ہُوں اور تیری ناراضگی

سُخْطِكَ وَالنَّارِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ

اور دوزخ سے پناہ مانگتا ہوں اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا

بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ

ہوں قبر کی آزمائش سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں زندگی اور

فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ ○

موت کی ہر مصیبت سے۔

رکنِ یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کر دیجئے اور آگے بڑھتے ہوئے یہ دُعا پڑھیے۔

رَبَّنَا آتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ

اے ہمارے پروردگار ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ وَاَدْخِلْنَا

میں بھی اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا اور ہمیں نیک

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ○ يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ

لوگوں کے ساتھ جنّت میں داخل فرما اے بڑی عزت والے، اے بڑی بخشش

يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ○

والے اے سب جہانوں کے پالنے والے۔

یہ دُعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے اشارہ کیجیئے اور

بِسۡمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكۡبَرُ وَلِلّٰهِ الۡحَمۡدُ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیے اور چوتھا چکر شروع کیجیے۔

چوتھے چکر کی دُعاء:

اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡهُ حَجًّا مَّبۡرُوۡرًا (عُمۡرَةً مَّبۡرُوۡرَةً)

اے اللہ! میرے اِس حج کو مقبول حج بنا دیجیے (مقبول عمرہ بنا)

وَّسَعۡيًا مَّشۡكُوۡرًا وَّذَنۡبًا مَّغۡفُوۡرًا وَّعَمَلًا

اور کامیاب کوشش اور گناہوں کی مغفرت کا ذریعہ اور مقبول

صَالِحًا مَّقۡبُوۡلًا وَّتِجَارَةً لَّنۡ تَبُوۡرَ ۝ يَا عَالِمَ

نیک عمل اور بے نقصان تجارت اے دلوں

مَا فِي الصُّدُوۡرِ اَخۡرِجۡنِيۡ يَا اَللّٰهُ مِنَ

کے حال کو جاننے والے اے اللہ مجھے

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوۡرِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡۤ اَسۡئَلُكَ

اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال اے اللہ میں تجھ سے سوال

مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ

کرتا ہوں تیری رحمت کے لازمی ذریعوں کا تیری مغفرت کے (حتمی) اسباب کا

وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ

اور ہر گناہ سے سلامتی کا اور ہر نیکی سے فائدہ

كُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَّالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ○

کا اور حصول جنّت کی کامیابی کا اور دوزخ سے نجات کا

رَبِّ قَنِّعْنِىْ بِمَا رَزَقْتَنِىْ وَبَارِكْ لِىْ فِيْمَا

اے پروردگار تو نے مجھے جو رزق دیا ہے اس پر قناعت بھی عطا

اَعْطَيْتَنِىْ وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَائِبَةٍ لِّىْ

فرما اور جو نعمتیں مجھے عطا فرمائی ہیں ان میں برکت فرما اور ہر آنے والی

مِنْكَ بِخَيْرٍ ○

آزمائش پر مجھے نعم البدل عطا فرما۔

رکن یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کر دیجیے اور آگے بڑھتے ہوئے یہ دُعا پڑھیے :

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ

اے ہمارے پروردگار ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ وَاَدْخِلْنَا

میں بھی اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا اور ہمیں نیک

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ○ يَاعَزِيْزُ يَاغَفَّارُ

لوگوں کے ساتھ جنّت میں داخل فرما اَے بڑی عزّت والے، اَے بڑی

يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ○

بخشش والے اَے سب جہانوں کے پالنے والے

یہ دُعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور سے اشارہ کیجیے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں، اللہ سب سے بڑا ہے، اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

پڑھتے ہُوئے آگے بڑھیے اور پانچواں چکر شروع کیجیے۔

پانچویں چکر کی دُعاء :

اَللّٰهُمَّ اَظِلَّنِىْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِكَ يَوْمَ

اَے اللہ جس روز سوائے تیرے عرش کے سایہ کے کوئی سایہ نہ ہو گا مجھے اپنے

لَاظِلَّ اِلَّاظِلُّ عَرْشِكَ وَلَابَاقِىَ اِلَّا

عرش کے سایہ کے نیچے جگہ عطا فرمانا اور تیری ذات پاک کے سوا

وَجْهُكَ وَاسْقِنِىْ مِنْ حَوْضِ نَبِيِّكَ

کوئی باقی نہ رہے گا اور اپنے پیارے نبی حضرت

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرْبَةً

محمّد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلّم کے حوضِ کوثر سے مجھے

هَنِيْئَةً مَّرِيْئَةً لَّا نَظْمَأُ بَعْدَهَا اَبَدًا ○

ایسا خوش ذائقہ اور خوشگوار گھونٹ پلانا کہ جس کے بعد کبھی ہمیں پیاس نہ لگے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْهُ

اَے اللہ میں تجھ سے اِن چیزوں کی بھلائی مانگتا ہوں جن کو تجھ سے

نَبِيُّكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

تیرے پیارے نبی سیّدنا محمّد صلّی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ

وسلّم نے تجھ سے طلب کیا اور ان چیزوں کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

مِنْهُ نَبِيُّكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ

جن سے تیرے پیارے نبی سیّدنا محمّد صلّی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ

علیہ وسلّم نے پناہ مانگی۔ اَے اللہ میں تجھ سے جنّت اور اس کی

وَنَعِيْمَهَا وَمَا يُقَرِّبُنِىْٓ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ

نعمتوں کا سوال کرتا ہوں اور جو مجھے جنّت کے قریب کر دے اس

فِعْلٍ اَوْ عَمَلٍ ○ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ

قول یا فِعل یا عمل (کی توفیق) کا اور مَیں دوزخ سے تیری پناہ چاہتا

وَمَا يُقَرِّبُنِيْٓ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ

ہوں اور جو مجھے دوزخ سے قریب کر دے اس ہر قول یا فعل

اَوْ عَمَلٍ ۝

یا عمل سے۔

رکنِ یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کر دیجیے اور آگے بڑھتے ہوئے یہ دُعا پڑھیے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ

اے ہمارے پروردگار ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ وَاَدْخِلْنَا

میں بھی اور ہمیں عذابِ دوزخ سے بچا اور ہمیں نیک

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ

لوگوں کے ساتھ جنّت میں داخل فرما اے بڑی عزت والے، اے بڑی

يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

بخشش والے اے سب جہانوں کے پالنے والے۔

یہ دُعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجیے ورنہ دور ہی سے اشارہ کیجیے اور

بِسْمِ اللهِ اَللهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں، اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیے اور چھٹا چکر شروع کیجیے۔

چھٹے چکر کی دعا :

اَللّٰھُمَّ اِنَّ لَکَ عَلَیَّ حُقُوْقًا کَثِیْرَۃً فِیْمَا

اے اللہ! مجھ پر تیرے بہت سے حقوق ہیں ان معاملات میں

بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ وَحُقُوْقًا کَثِیْرَۃً فِیْمَا

جو میرے اور تیرے درمیان ہیں اور بہت سے حقوق ہیں ان معاملات

بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَلْقِکَ ○ اَللّٰھُمَّ مَا کَانَ

میں جو میرے اور تیری مخلوق کے درمیان ہیں اے اللہ! ان میں سے جن

لَکَ مِنْھَا فَاغْفِرْہُ لِیْ وَمَا کَانَ لِخَلْقِکَ

کا تعلق تیری ذات سے ہے ان کو معاف فرما اور جن کا تعلق تیری مخلوق سے

فَتَحَمَّلْہُ عَنِّیْ وَاَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ

ہے ان کا تو ذمہ دار بن جا اور مستغنی کر دے مجھے حلال روزی عطا فرما

حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَّعْصِیَتِکَ

کر حرام سے، اور فرمانبرداری کی توفیق عطا فرما کر نافرمانی سے اور اپنے

وَبِفَضْلِکَ عَنْ مَّنْ سِوَاکَ یَا وَاسِعَ

فضل سے بہرہ مند فرما کر اپنے سوا دوسروں سے اے وسیع

الْمَغْفِرَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنَّ بَيْتَكَ عَظِيْمٌ

مغفرت والے۔ اے اللہ بیشک تیرا گھر بڑی عظمت والا ہے

وَّوَجْهَكَ كَرِيْمٌ وَّاَنْتَ يَا اَللّٰهُ حَلِيْمٌ

اور تیری ذات بڑی عزّت والی ہے اور تو اے اللہ بڑا وقار والا،

كَرِيْمٌ عَظِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ ۝

کرم والا اور بڑی عظمت والا ہے، مُعافی کو پسند کرتا ہے سو میری خطاؤں کو بھی مُعاف فرما۔

رکنِ یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کر دیجیے اور آگے بڑھتے ہُوئے یہ دُعا پڑھیے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ

اے ہمارے پروردگار ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ وَاَدْخِلْنَا

میں بھی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور نیک لوگوں کے

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ

ساتھ جنّت میں داخل فرما۔ اے بڑی عزّت والے اے بڑی

يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

بخشش والے، اے سب جہانوں کو پالنے والے

یہ دُعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئیے ورنہ دور ہی سے اشارہ کیجئیے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں، اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں

پڑھتے ہوئے آگے بڑھیئے اور ساتواں چکر شروع کیجیئے۔

ساتویں چکر کی دُعاء:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا كَامِلًا وَّیَقِیْنًا

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کامل ایمان اور سچّا

صَادِقًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّقَلْبًا خَاشِعًا وَّلِسَانًا

یقین، اور کشادہ رزق اور ڈرنے والے دِل اور ذکر

ذَاكِرًا وَّرِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا وَّتَوْبَةً نَّصُوْحًا

کرنے والی زبان اور حلال، پاک روزی اور خلوص دِل کے ساتھ

وَّتَوْبَةً قَبْلَ الْمَوْتِ وَرَاحَةً عِنْدَ الْمَوْتِ

توبہ اور موت سے پہلے کی توبہ اور موت کے وقت

وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ

آرام اور مرنے کے بعد مغفرت اور رحمت اور حساب

عِنْدَ الْحِسَابِ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ

کے وقت معافی اور جنّت کے حصُول اور دوزخ سے

مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِكَ يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ رَبِّ

نجات کا تیری رحمت کے وسیلے سے اے بڑی عزت والے، اے بڑی مغفرت والے، اے

زِدْنِیْ عِلْمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ○

پروردگار میرے علم میں اضافہ کر اور مجھے نیک لوگوں میں شامل فرما دے

رکنِ یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کر دیجیے اور آگے بڑھتے ہوئے یہ دُعا پڑھیے:

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ

اے ہمارے پروردگار ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ وَاَدْخِلْنَا

میں بھی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور ہمیں نیک

الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ○ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ

لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل فرما اے بڑی عزت والے، اے بڑی بخشش

یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ○

والے اے سب جہانوں کے پالنے والے۔

یہ دُعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود پر پہنچ کر اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجیے ورنہ دور ہی سے اشارہ کیجیے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں، اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں

پڑھتے ہوئے اب "ملتزم" کے پاس آجایئے حجر اسود اور خانہ کعبہ کی چوکھٹ کے درمیان جو جگہ ہے اسے ملتزم کہتے ہیں ۔

یہاں چمٹ کر رو رو کر دُعائیں کی جاتی ہیں یہ دُعا کی قبولیت کا مقام ہے۔

رسولِ پاک ﷺ نے اس کے ساتھ چمٹ کر دُعائیں مانگی تھیں۔

یہاں کھڑے ہو کر خوب رو رو کر دُعائیں کیجیئے جو بھی دِل میں آئے مانگیئے جس زبان میں جی چاہے مانگیئے اور یہ سمجھ کر مانگیئے کہ ربّ کریم کے گھر پر پہنچ گیا ہوں اور اس کی چوکھٹ سے لگا کھڑا ہوں اور وہ میرے حال کو دیکھ رہا ہے اور یہ دُعا دل کی حضوری سے معنی سمجھ کر مانگیئے :

مقامِ ملتزم کی دُعاء

اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ اَعْتِقْ رِقَابَنَا

اے اللہ ! اے اس قدیم گھر کے مالک ، ہماری گردنوں کو ، ہمارے

وَرِقَابَ اٰبَآئِنَا وَاُمَّهَاتِنَا وَاِخْوَانِنَا وَاَوْلَادِنَا

باپ دادوں ، ماؤں (بہنوں) بھائیوں اور اولاد کی گردنوں کو دوزخ سے

مِنَ النَّارِ ○ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَالْفَضْلِ

آزاد کر دے اے بخشش والے اور کرم والے اور فضل والے!

وَالْمَنِّ وَالْعَطَآءِ وَالْاِحْسَانِ ○ اَللّٰهُمَّ

اور احسان والے اور عطا والے ! اے اللہ ہمارا

اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِى الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا

انجام بخیر فرما تمام مُعاملات میں اور ہمیں

مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ ۝

محفوظ فرما دُنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَاقِفٌ

اَے اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور بندہ زادہ ہوں تیرے دروازے

تَحْتَ بَابِکَ مُلْتَزِمٌ بِاَعْتَابِکَ مُتَذَلِّلٌ

کے نیچے کھڑا ہوں اور لپٹا ہوا ہوں تیری چوکھٹوں سے، تیرے سامنے عاجزی

بَیْنَ یَدَیْکَ اَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَاَخْشٰی عَذَابَکَ

کا اظہار کر رہا ہوں اور تیری رحمت کا طلب گار ہوں اور تیرے دوزخ کے

مِنَ النَّارِ یَا قَدِیْمَ الْاِحْسَانِ ۝ اَللّٰھُمَّ

عذاب سے ڈر رہا ہوں۔ اَے ہمیشہ احسان فرمانے والے، اَے اللہ میں

اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْفَعَ ذِکْرِیْ وَتَضَعَ وِزْرِیْ

تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے ذِکر کو بُلندی عطا فرما اور میرے

وَتُصْلِحَ اَمْرِیْ وَتُطَھِّرَ قَلْبِیْ وَتُنَوِّرَ لِیْ فِیْ قَبْرِیْ

گناہوں کا بوجھ ہلکا کر اور میرے کاموں کو درست فرما اور میرے دِل کو پاک

وَتَغْفِرَ لِیْ ذَنْبِیْ وَاَسْئَلُکَ الدَّرَجٰتِ

کر اور میرے لئے قبر میں روشنی فرما اور میرے گناہ مُعاف فرما اور تجھ سے میں جنّت

الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّۃِ اٰمِیْنَ ۝

کے اونچے درجوں کی بھیک مانگتا ہوں۔ آمین۔

یہ دُعا ختم کر کے مقامِ ابراہیم کے پاس آکر دو رکعت نمازِ واجب الطواف ادا کیجئے اگر وہاں، ہجوم کی وجہ سے پڑھنے کا موقع نہ ہو تو اس کے قریب کہیں پڑھ لیجیے ورنہ حطیم میں جاکر یا مطاف میں یا مسجد حرام میں اور کہیں پڑھ لیجیے اَور سلام پھیر کر دل میں خشوع سے جو دُعائیں جس زبان میں مانگنا چاہتے ہوں مانگیئے اور ساتھ ہی یہ دُعا پڑھیئے۔

مقامِ ابراہیمؑ کی دُعا :

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ فَاقْبَلْ

اَے اللہ ! تو میری سب چھپی اور کھلی باتیں جانتا ہے۔ لہذا میری معذرت

مَعْذِرَتِيْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَاَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ

قبول فرما اور جانتا ہے تو میری حاجت کو لہذا میری خواہش کو پورا فرما

وَتَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ ○

اور تو میرے دِل کے بھید کو جانتا ہے لہذا میرے گناہوں کو مُعاف فرما

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ

اَے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہُوں ایسا ایمان جو میرے دِل میں سَما جائے

وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰٓى اَعْلَمَ اَنَّهٗ يُصِيْبُنِيْ

اور ایسا سچا یقین کہ میں جان لوں کہ جو کچھ تو نے میری تقدیر میں لکھ

اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ وَرِضًا مِّنْكَ بِمَا قَسَمْتَ

دیا ہے وہی مجھے پہنچے گا اَور تیری طرف سے اپنی قسمت پر

لِىْ اَنْتَ وَلِىِّ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِىْ

پر رضامندی تو ہی میرا مددگار ہے دُنیا اور آخرت میں مجھے اسلام کی حالت

مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِىْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ

میں وفات دے اور نیک لوگوں میں مجھے شامل فرما اے اللہ اس

لَاتَدَعْ لَنَا فِىْ مَقَامِنَا هٰذَا ذَنْبًا اِلَّا

مقدس مقام پر ہمیں کوئی گناہ بغیر معاف کئے نہ چھوڑنا اور

غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً

کوئی پریشانی دُور کئے بغیر نہ چھوڑنا اور کوئی ضرورت

اِلَّا قَضَيْتَهَا وَيَسَّرْتَهَا فَيَسِّرْ اُمُوْرَنَا

پوری کئے بغیر اور آسان کئے بغیر نہ چھوڑنا سو ہمارے تمام

وَاشْرَحْ صُدُوْرَنَا وَنَوِّرْ قُلُوْبَنَا وَاخْتِمْ

کام آسان کردے اور ہمارے سینوں کو کھول دے اور ہمارے دِلوں کو روشن کر

بِالصّٰلِحٰتِ اَعْمَالَنَا ○ اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا

دے اور ہمارے اعمال کو نیکیوں کے ساتھ ختم فرما اے اللہ ہمیں اِسلام

مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ غَيْرَ

کی حالت میں موت دے اور ہمیں نیک لوگوں میں شامل فرما نہ ہم

خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ ۔ اٰمِيْنَ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ○

رسوا ہوں اور نہ آزمائش میں پڑیں آمین اے سب جہانوں کو پالنے والے۔

اس کے بعد زم زم پر آیئے اور قبلہ رُخ کھڑے ہو کر بِسْمِ اللّٰہِ پڑھ کر تین سانس میں خوب ڈٹ کر آبِ زمزم پیجیئے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہہ کر دُعا مانگیئے۔

زمزم کی دُعاء

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا

اَے اللہ میں تجھ سے طلب گار ہوں نفع رساں عِلم اور

وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنْ كُلِّ دَآءٍ ○

وسیع رزق اَور ہر بیماری سے شفاء کا۔

سعیٔ صفا و مروہ

آبِ زمزم سے فارغ ہونے کے بعد اگر اِحرام کی حالت میں عمرے کا طواف کیا ہو تو حجرِ اسود کا نواں استلام کریں یہ استلام مسنون ہے اگر استلام نہ کر سکیں یا بہت زیادہ ہجوم ہو تو دونوں ہاتھوں سے دور ہی سے استلام کا اشارہ کیجیے اَور پھر صفا کی طرف چلیں اور ساتھ ساتھ یہ دُعا پڑھتے جائیں۔

اَبْدَاُ بِمَا بَدَاَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهٖ" اِنَّ الصَّفَا

مَیں اس سے شروع کرتا ہوں جس سے اللہ نے ابتداء کی بے شک صفا

وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ج فَمَنْ حَجَّ

اَور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں پس جو حج کرے اِس گھر کا

الْبَيْتَ اَوِاعْتَمَرَ فَلَاجُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ

کا یا عمرہ کرے تو کچھ حرج نہیں اسے کہ چکر لگاتے ان

يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ؕ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ

دونوں کے درمیان اور جو کوئی خوشی سے نیکی کرے تو اللہ تعالیٰ

اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ۝

بڑا قدر دان خوب جاننے والا ہے

کوہ صفا پر چڑھیں تو سعی کی نیّت دِل میں کریں اور زبان سے اس طرح پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اُرِيْدُ السَّعْىَ بَيْنَ الصَّفَا

اَے اللہ مَیں صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی نیّت کرتا

وَالْمَرْوَةِ سَبْعَةَ اَشْوَاطٍ لِّوَجْهِكَ

ہوں سات چکر صِرف تیری بُزرگ ذات کے لئے پس میرے

الْكَرِيْمِ ۝ فَيَسِّرْهُ لِىْ وَتَقَبَّلْهُ مِنِّىْ ۝

لئے آسان کر دے اور مجھ سے وُہ قبول کرلے۔

صفا پر چڑھ کر بیت اللہ شریف کی جانِب رُخ کر کے ہاتھ اٹھا کر دُعائیں مانگیئے یہاں ہر دُعا قبول ہوتی ہے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا هَدٰنَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى

اللہ ہی قابِل تعریف ہے جِس نے ہمیں ہدایت دی وہ ہی قابِل تعریف ہے

مَآ اَوْلَانَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَآ اَلْهَمْنَا اَلْحَمْدُ

جِس نے ہمیں نعمتیں دیں اللہ ہی قابِل تعریف ہے جِس نے ہمیں بھلائی کی راہ بتائی، اللہ

لِلّٰهِ الَّذِىْ هَدٰنَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِىَ لَوْلَآ

ہی قابِل تعریف ہے جِس نے ہمیں ہدایت دی اور اگر ہمیں اللہ تعالیٰ ہدایت نہ دیتا تو

اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا

ہم کبھی ہدایت نہ پاتے اللہ ہی تنہا معبُود ہے۔ اُس کا کوئی شریک

شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِىْ

نہیں وُہ مالک الملک ہے اور وہی مستحق تعریف ہے زندگی

وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَىٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط

اور موت اسی کے قبضے میں ہے وہ زندہ ہے اس کے لئے موت نہیں خیر اسی کے قبضہ میں

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

ہے وُہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی بھی

وَحْدَهٗ وَصَدَقَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ

معبُود نہیں وہ یکتا ہے جِس نے اپنا وعدہ سچّا کیا اور اپنے بندہ کی مدد کی

وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

اور اپنے لشکر کو سرخرو کیا اور جس نے تنہا باطل کے لشکروں کو

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِیَّاہُ مُخْلِصِیْنَ
شکست دی اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور ہم اس کے سوا کسی کی

لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ اَللّٰھُمَّ
عبادت نہیں کرتے خالص اسی کی عبادت کرتے ہیں چاہے یہ بات کافروں کو گراں گزرے۔ اے اللہ

اِنَّکَ قُلْتَ وَقَوْلُکَ حَقٌّ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ
تیرا فرمان ہے اور تیرا فرمان حق ہے کہ مجھے پکارو میں تم کو جواب دوں گا

لَکُمْ وَاِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ وَاِنِّیْ
اور تو اپنے وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا اور میں التجا کرتا ہوں

اَسْئَلُکَ کَمَا ھَدَیْتَنِیْ لِلْاِسْلَامِ اَنْ لَّا
کہ جس طرح تو نے مجھے اسلام کی دولت عطا فرمائی مجھ سے یہ

تَنْزِعَہٗ مِنِّیْ حَتّٰی تَوَفَّنِیْ وَاَنَا مُسْلِمٌ
دولت نہ چھین حتیٰ کہ اسلام کی حالت میں مجھے موت دے

سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
پاک ہے اللہ کی ذات اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اللہ

وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے گناہوں سے بچنے کی اور نیکی کی قوت اللہ برتر

الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
بزرگ ہی کی طرف سے ہے اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ

سیّدنا محمّد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی آل پر اور تمام اصحاب

اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝

اور اتباع کرنے والوں پر قیامت تک۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَشَائِخِيْ

اے اللہ میرے اور میرے والدین اور میرے مشائخ اور تمام

وَلِلْمُسْلِمِيْنَ اَجْمَعِيْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى

مسلمانوں کے گناہ بخش دے اور سلامتی ہو تمام انبیاء پر اور

الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

سب تعریفیں اللہ ہی کی ہیں جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے

سعی صفا سے شروع کر کے سات پھیروں کے بعد مروہ پر ختم کریں صفا/مروہ سے اترتے ہوئے یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰهُمَّ اسْتَعْمِلْنِيْ بِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ

اے اللہ مجھے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت کا تابع بنا

تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَوَفَّنِيْ عَلٰى مِلَّتِهٖ

اور مجھے اسی کے دین پر موت عطا کر اور مجھے

وَاَعِذْنِيْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ بِرَحْمَتِكَ

پناہ دے گمراہ کرنے والے فتنوں سے اپنی رحمت کے

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

مِیلَین اخضرین

میلین اخضرین کے درمیان ساتوں پھیروں میں مردوں کو دوڑنا چاہیئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا ہے اور عورتوں کو معمول کے مطابق چلنا چاہیئے۔
میلین کے درمیان یہ دعا پڑھنی چاہیئے۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ

اے اللہ مجھے معاف کردے اور مجھ پر رحم فرما اور درگزر کر اس سے جسے تو جانتا ہے بیشک

اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا لَا نَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ

تو جانتا ہے وہ جو ہم نہیں جانتے بیشک تو زبردست بزرگی و اکرام والا ہے

الْاَكْرَمُ وَاهْدِنِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ ۝ اَللّٰهُمَّ

اور چلاتے رکھ مجھے اس راہ پر جو بہت سیدھی ہے۔ اے اللہ

اجْعَلْهُ حَجًّا مَّبْرُوْرًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا

میرے حج کو مقبول اور میری سعی کو مشکور اور میرے

وَّذَنْبًا مَّغْفُوْرًا ۝ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ

گناہوں کو بخشا ہوا فرما اے اللہ مجھے اور میرے والدین اور

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

سب مومن مردوں اور عورتوں اور مسلمان مردوں

وَالْمُسْلِمٰتِ یَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ رَبَّنَآ

اور عورتوں کو بخش دے اے دُعاؤں کو قبول کرنے والے

اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ

اے ہمارے پروردگار ہمیں دُنیا اور آخرت میں بھلائی عطا

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

فرما اور ہمیں بچا دوزخ کے عذاب سے۔

مروہ پر پہنچیں تو یہاں سب عمل اسی طرح کریں جس طرح صفا پر کئے تھے سعی سے فارغ ہو کر مسجد حرام سے باہر آئیں اور حلق یا تقصیر یعنی تمام سر منڈوائیں یا اُنگلی کے ایک پورے کے برابر بلکہ اس سے کچھ زیادہ تمام سر کے بال کتروائیں مگر منڈوانا افضل ہے پھر نوافل بطور شکرانہ مطاف کے کنارے ادا کریں اور احرام اتار دیں اب عمرے کے تمام افعال ختم ہو چکے ہیں اب جتنے عمرے ہو سکیں کرلیں۔ زہے نصیب! پھر کب نظر کرم ہو!

Books & Articles

سلام فورم - Salaam Forum

علم ، انسانیت،اسلام،غیر فرقہ واریت، ثقافت، رواداری، امن و سلامتی

A Project of 'Peace Forum Network': Knowledge, Humanity, Religion, Culture, Tolerance, Peace

Get 4 **Free Books** at your door step



Peace-Forum.blogspot.com
FreeBookpark.blogspot.com
SalaamForum.blogspot.com سلام فورم

These 4 books can be read Online <here> or obtained totally FREE at your doorstep [only in Pakistan within 15 days], **by sending name and complete postal address via, SMS/WhattsApp@ +923004443470**